# C

**CCE PR**
**REVISED**

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003
**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESWARAM, BANGALORE - 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಸೆಪ್ಟೆಂಬರ್, 2020
**S. S. L. C. EXAMINATION, SEPTEMBER, 2020**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು
## MODEL ANSWERS

ದಿನಾಂಕ : 25. 09. 2020 ]　　ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **66-U**
Date : 25. 09. 2020 ]　　**Code No. : 66-U**

ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು
Subject : **Third Language URDU**
( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ **Private Repeater** )

[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100
[ **Max. Marks : 100**

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .I | درج ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے : <br> 10 × 1 = 10 | |
| .1 | باعی کا یہ مصرعہ قافیہ اور ردیف کا پابند نہیں ہوتا۔ <br> A) پہلا　　B) دوسرا <br> C) تیسرا　　D) چوتھا <br> جواب : (C) تیسرا | 1 |

Turn over ]

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | واحد جمع کے اعتبار سے غیر متعلق لفظ علیحدہ کیجئے۔ | 2. |
| | A) برسات B) دفاتر | |
| | C) واقعات D) ذخائر | |
| 1 | جواب : (A) برسات | |
| | ''سابقے''''لاحقے'' کے لحاظ سے غیر متعلق لفظ ہے۔ | 3. |
| | A) باذوق B) یادگار | |
| | C) ہم محلّہ D) نوعمر | |
| 1 | جواب : (B) یادگار | |
| | وہ جملہ جو دو یا دو سے زیادہ مفرد جملوں سے مل کر بنتا ہے، کہلاتا ہے۔ | 4. |
| | A) جملۂ مفرد B) جملۂ مرکب | |
| | C) جملۂ خبریہ D) جملۂ انشائیہ | |
| 1 | جواب : (B) جملۂ مرکب | |
| | وہ کلمہ جو خود معنی نہیں دیتا بلکہ دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہے، کہلاتا ہے۔ | 5. |
| | A) مستقل کلمہ B) جملۂ مفرد | |
| | C) محاورہ D) غیر مستقل کلمہ | |
| 1 | جواب : (D) غیر مستقل کلمہ | |
| | ''مضمون'' کا سب سے بڑا حصّہ ہوتا ہے۔ | 6. |
| | A) تمہید B) نفسِ مضمون | |
| | C) اختتام D) عنوان | |
| 1 | جواب : (B) نفسِ مضمون | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .7 | ''تعریف'' کے لئے استعمال ہونے والے حروفِ فجائیہ ہیں۔ | |
| | A) واہ،واہ،کیا خوب (B آہ،اُف | |
| | C) ارے،ہائے (D اہاہا،اوہو | |
| | جواب : (B) واہ،واہ،کیا خوب | 1 |
| .8 | ''الجبرا مسلمان ہی کی ایجاد ہے۔''اس جملے میں ''حرفِ تخصیص'' ہے۔ | |
| | A) الجبرا (B ہی | |
| | C) کی (D ہے | |
| | جواب : (B) ہی | 1 |
| .9 | وہ الفاظ جو ایک لفظ کا تعلق کسی دوسرے لفظ سے ظاہر کرتے ہیں،کہلاتے ہیں۔ | |
| | A) مرکب جملہ (B مفرد جملہ | |
| | C) حروفِ ربط (D حروفِ عطف | |
| | جواب : (C) حروفِ ربط | 1 |
| .10 | غزل کا پہلا شعر کہلاتا ہے۔ | |
| | A) مقطع (B بیت الغزل | |
| | C) تخلص (D مطلع | |
| | جواب : (D) مطلع | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | | مارکس |
|---|---|---|---|
| .II | **پہلے دولفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھیے :** | 5 × 1 = 5 | |
| .11 | حضرات : حضرت :: احادیث : .................. | | |
| | جواب : حدیث | | 1 |
| .12 | موجود : غیرموجود :: خوش نما : .................. | | |
| | جواب : بدنما | | 1 |
| .13 | ترقی : مونث :: طریقہ : .................. | | |
| | جواب : مذکر | | 1 |
| .14 | آنکھیں کھل جانا : حقیقت معلوم ہونا :: سڑکیں ناپنا : .................. | | |
| | جواب : بے وجہ سڑکوں پر پھرنا | | 1 |
| .15 | ضیافت : دعوت :: بیر : .................. | | |
| | جواب : دشمنی/رقابت | | 1 |
| .III | **درج ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھیے :** | 5 × 1 = 5 | |
| .16 | قلعہ حشام کس کی بے مثال یادگار ہے ؟ | | |
| | جواب : بہمنی سلاطین کی بے مثال یادگار ہے۔ | | 1 |
| .17 | شیخ حسین عبداللہ کس نام سے مشہور ہوئے ؟ | | |
| | جواب : ''بوعلی سینا'' | | 1 |
| .18 | راجا اور پرجا کا مالک کون ہے ؟ | | |
| | جواب : اللہ تعالیٰ | | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | اللہ کا بسیرا کہاں ہے ؟ | .19 |
| 1 | جواب : ہر ایک کے دل میں ہے۔ | |
| | ''خاک وطن اور خون شہیداں'' ڈرامے میں سفلی عناصر کونسے ہیں ؟ | .20 |
| 1 | جواب : غول بیابانی، چڑیل، خون آشام (کوئی ایک نام کافی ہے) | |
| 10 × 2 = 20 | **درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیئے :** | .IV |
| | مولانا محمد علی جوہر کے اُردو اور انگریزی اخبارات کے نام لکھیئے۔ | .21 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ انگریزی اخبار ''کامریڈ'' | |
| 1 | ☆ اُردو اخبار ''ہمدرد'' | |
| | صبح سویرے پروفیسر راہی کی مصروفیات کیا ہوتی تھیں ؟ | .22 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ صبح فجر سے قبل جاگ جاتے اور نماز کے بعد کچھ دیر چہل قدمی کرتے۔ | |
| 1 | ☆ صبح 30-7 بجے ناشتہ اور 8 بجے آکاش وانی سے 5 منٹ کی خبریں سنتے تھے۔ | |
| | قدیم زمانے میں ''نانو اشیاء'' کا استعمال کہاں ہوتا تھا ؟ | .23 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یونانی ادویات کی تیاری میں سونے چاندی کے جو باریک سفوف استعمال کئے جاتے تھے۔ | |
| 1 | ☆ کلیساؤں، مندروں اور محلات کے شیشوں کو رنگنے کے لئے جو رنگ استعمال ہوتا تھا۔ | |
| | شعر و شاعری کے علاوہ عمر خیّام کی شہرت کس حیثیت سے ہوئی ؟ | .24 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ عمر خیّام ایک سائنس دان تھے۔ | |
| 1 | ☆ وہ ایک ماہرِ ریاضی دان بھی تھے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | معمارِ میسور کے نام سے کون مشہور ہیں، اُنہیں دیوان کا عہدہ کیوں پیش کیا گیا ؟ | 25. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ سریم وشویشوریا ''معمارِ میسور'' کے نام سے مشہور ہیں۔ | |
| 1 | ☆ کیونکہ اُن کے دل میں شروع ہی سے ریاست کی ترقی واصلاح کی تمنائیں اور منصوبے موجود تھے۔ | |
| | پروفیسر راہؔی کا حلیہ بیان کیجئے۔ | 26. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ سفید مائل، گندمی رنگ، شگفتہ، مسکراتا چہرہ، لمبے بال، لمبی اونچی ناک۔ | |
| 1 | ☆ غیر کسرتی فربہ جسم، کلین شیو، درمیانہ قد، نیلی بڑی بڑی آنکھیں، اِن پر موٹے فریم کی عینک۔ | |
| | خطیب صاحب مشاعرہ میں اپنا کلام سنانے سے پہلے کیا کرتے تھے ؟ | 27. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ خطیب صاحب کی باری آتی ہے تو وہ پہلے حاضرین کو ڈانٹ بتاتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ اپنی فقرہ بازی اور برجستہ گوئی سے اِن پر رعب جماتے ہیں۔ | |
| | فراقؔ کے مطابق کن لوگوں کو مرنے کا بھی شعور نہیں ہے ؟ | 28. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ جو لوگ زندگی میں کوئی کام نہیں کر سکتے انہیں ڈھنگ سے جینا بھی نہیں آتا۔ | |
| 1 | ☆ جو لوگ رو رو کر موت کی دُعائیں مانگتے ہیں انہیں مرنا بھی نہیں آتا۔ | |
| | شاعر اللہ تعالیٰ کے وجود کو کہاں کہاں محسوس کرتا ہے ؟ | 29. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ شاعر اللہ تعالیٰ کے وجود کو پھول اور پھل | |
| 1 | ☆ پانی اور زمین میں محسوس کرتا ہے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **اِن الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے :** | .30 |
| | (i) سیّاح (ii) یادگار | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ فاہیان چین کا سیّاح تھا۔ (یا کوئی اور جملہ) | |
| 1 | ☆ تاج محل مغلیہ سلطنت کی یادگار ہے۔ (یا کوئی اور جملہ) | |
| 11 × 3 = 33 | **درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے :** | .V |
| | **بحوالۂ متن جملوں کی وضاحت کیجئے :** | |
| | ''نہ کھائیں تو زندہ کیسے رہیں۔'' | .31 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''دھوبی نے مگرمچھ کو کھالیا'' سبق سے لیا گیا ہے۔اس کے مصنف کرشن چندر ہیں۔ | |
| 1 | ☆ رامو نے مچھلیوں کے ڈپارٹمنٹ میں مدد مانگنے کے لئے گیا تو پہلے کلرک نے دوسرے کلرک کے پاس بھیج دیا۔ | |
| 1 | ☆ دوسرے کلرک نے اُسے اگلے کاونٹر پر بھیجا کاونٹر پر بیٹھے بوڑھے کلرک نے رامو کی بات کو سنجیدہ نہ لیتے ہوئے یہ جملہ کہا۔ | |
| | ''ارے بےوقوفو ! میں پچھلے دروازے سے بھی تو باہر جاسکتا تھا۔'' | .32 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ملاّ نصیرالدین کے قصّے ''مہمانوں پر کیا گذری'' سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ملاّ نصیرالدین نے اپنے دوستوں سے کہا | |
| 1 | ☆ ملا نصیرالدین کے دوست اِن کی بیوی سے پوچھ رہے تھے کہ ہم نے ملاّ جی کو باہر جاتے ہوئے نہیں دیکھا۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ''کل شیر شکاریوں کے غول میں گھر جائے گا۔'' | 33. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''خاکِ وطن اور خونِ شہیداں'' نامی خلیل منظری کے لکھے ڈراما سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ میر صادق نے لیفٹنٹ لارنس سے کہا۔ | |
| 1 | ☆ جب کہ وہ ٹیپو سلطانؒ کو مارنے کی سازش میں لگے ہوئے تھے۔ | |
| | **درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :** | 34. |
| | (i) مجتبیٰ حسین (ii) ڈاکٹر وحید انجم | |
| | جواب : | |
| | (i) **مجتبیٰ حسین :** | |
| | پیدائش - 15 جولائی 1936ء گلبرگہ | |
| 1 | ادبی مقام - روز نامہ ''سیاست'' میں مزاحیہ کالم، شیشہ و تیشہ سے ادبی زندگی کا آغاز۔ | |
| 1 | تصانیف - تکلف برطرف، قطع کلام، آدمی نامہ، سو ہے وہ بھی آدمی، جاپان چلو، جاپان چلو۔ | |
| 1 | اعزازات - ''پدم شری'' اور ہاسیہ رتن۔ | |
| | **یا** | |
| | (ii) **ڈاکٹر وحید انجم :** | |
| | پیدائش - 27 دسمبر 1954ء کلبرگی۔ | |
| 1 | تعلیم قابلیت - ایم-اے (سیاسیات) یم-اے (اُردو) پی ایچ-ڈی۔ | |
| 1 | ادبی مقام - بلند پایہ شاعر، ڈراما نویس، افسانہ نگار اور نقاد ہیں۔ | |
| 1 | تصانیف - کڑی دھوپ کا سفر، زخموں کی زبان، منظر دھواں دھواں، جانے پہچانے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **درج ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے:** | |
| | (i) سید احمد شاکرؔ (ii) میر تقی میرؔ | 35. |
| | جواب : | |
| | (i) **سید احمد شاکرؔ :** | |
| 1 | پیدائش - 1927ء | |
| 1 | تعلیمی قابلیت - اُردو میں بی-اے (آنرز) اور یم-اے۔ | |
| 1 | ملازمت - سرکاری کالج میں اُردو و فارسی کے ریڈر۔ | |
| | **یا** | |
| | (ii) **میر تقی میرؔ:** | |
| 1 | پیدائش - 1724ء میں آگرہ میں پیدا ہوئے۔ | |
| 1 | ادبی مقام - میرؔ کو ''اُستادِ سخن'' کہا گیا ہے۔ غزل گوئی میں میرؔ کا مرتبہ بہت بلند ہے۔ | |
| 1 | وفات - 1810ء میں وفات پائی۔ | |
| | **درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :** | |
| | ہم وہاں ہیں جہاں سے ہم کو بھی<br>کچھ ہما ری خبر نہیں آ تی | 36. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر مرزا غالبؔ کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس شعر میں شاعر کہتا ہے کہ ہم عشق کے اُس مقام پر پہنچ گئے ہیں، | |
| 1 | ☆ جہاں ہم اپنے آپ کو بھول چکے ہیں۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | رہا تُو تو اکثر الم ناک میرؔ<br>ترا طور کچھ خوش نہ آیا ہمیں<br>جواب : | .37 |
| 1 | ☆ یہ شعر میر تقی میرؔ کی غزل کا مقطع ہے۔اس شعر میں شاعر اپنے آپ سے مخاطب ہے۔ | |
| 1 | ☆ کہتا ہے۔اے میرؔ تو ہمیشہ غم زدہ رہتا ہے۔ | |
| 1 | ☆ جینے کا یہ تیرا طریقہ ہمیں کچھ پسند نہ آیا۔ | |
| | زمانہ کے کیا کیا ستم دیکھتے ہیں<br>ہمیں جانتے ہیں جو ہم دیکھتے ہیں<br>جواب : | .38 |
| 1 | ☆ یہ شعر داغؔ دہلوی کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس شعر میں شاعر کہتا ہے تم زمانے کے اتنے سے ستم دیکھ کر گھبرا گئے۔ | |
| 1 | ☆ میں ہی جانتا ہوں مجھ پر زمانے والوں نے کتنے ستم ڈھائے۔ | |
| | **درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے :** | |
| | گولِ میز کانفرنس میں مولانا محمد علی جوہرؔ نے کیا تقریر فرمائی ؟<br>جواب : | .39 |
| 1 | ☆ آج میں جس مقصد کے لئے یہاں آیا ہوں، وہ یہی ہے کہ میں اپنے ملک کو صرف اس حالت میں واپس جاؤں گا جب کہ آزادی کا پروانہ میرے ہاتھ میں ہو۔ | |
| 1 | ☆ میں ایک غلام ملک کو واپس نہیں جاؤں گا۔ایک غیر ملک میں جب تک وہ آزاد ملک ہے۔مرنے کو ترجیح دوں گا۔ | |
| 1 | ☆ آپ مجھے ہندوستان کی آزادی نہیں دیں گے تو پھر آپ کو یہاں مجھے قبر کے لئے جگہ دینی پڑے گی۔ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ''پیغام یکجہتی''، نظم کے تعلق سے بتائیے کہ وہ کونسی باتیں ہیں جو ہمیں بدنام کرتی ہیں ؟ | .40 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ ہمارے باہمی جھگڑے | |
| 1 | ☆ ہمارے پوشیدہ رازوں کو فاش کرنا | |
| | ☆ ہمارے خامیوں اور کوتاہیوں کو دنیا میں عام کردینا۔ | |
| 1 | یہ وہ باتیں ہیں جو ہمیں بدنام کرتے ہیں۔ | |
| | درج ذیل انگریزی تحریر کا اردو میں ترجمہ کیجئے : | .41 |
| | Swami Vivekananda was born in 1863. He was the son of Viswanath Datta, a well-known lawyer of Kolkata and Bhuvaneshwari Devi. | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ سوامی وِویکانندا کی پیدائش 1863 میں ہوئی۔ | |
| 1 | ☆ وہ کلکتہ کے نامی وکیل وشواناتھ دتا | |
| 1 | ☆ اور بھونیشوری کے بیٹے تھے۔ | |
| | **درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے :** 3 × 4 = 12 | .VI |
| | ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔ | .42 |
| | جواب : | |
| 1 | وہ آئے محمدؐ وہ آئے محمدؐ | |
| 1 | ثنائے خدا ہے، ثنائے محمدؐ رضائے الٰہی، رضائے محمدؐ | |
| 1 | حرم میں جو پہنچے تو گونجی صدایوں وہ آئے محمدؐ وہ آئے محمدؐ | |
| 1 | شفیع الامم، رحمتِ ہر دو عالم نہیں اور کوئی سوائے محمدؐ | |
| | نگاہوں میں جچتا نہیں اور کوئی مرے دل میں جب سے سمائے محمدؐ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| 43. | اُم المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔ | |
| | **یا** | |
| | کلبرگی کی جامع مسجد کی تاریخی اہمیت پر نوٹ لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| | ☆ اُم المومنین حضرت عائشہؓ حضور اکرم ﷺ کی محبوب بیوی تھیں۔آپؓ نے حضور اکرم ﷺ کی زندگی کا گہرا مطالعہ کیا اور اُس پر مکمل پیروی کی۔ | 1 |
| | ☆ آپؓ کو تاریخ، ادب اور طب میں مہارت حاصل تھی۔ | 1 |
| | ☆ آپؓ بڑی غنی اور سخی تھیں۔غریبوں اور محتاجوں پر زیادہ سے زیادہ خرچ کرتی تھیں۔ | 1 |
| | ☆ آپؓ کا ایک معمولی سا گھر تھا۔بڑی مشکل سے زندگی بسر کرتیں مگر کبھی حرفِ شکایت زبان پر نہیں لایا۔ | 1 |
| | **یا** | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ مسجد اسپین کی مسجد قُرطبہ کے نمونے پر بنائی گئی ہے۔ | 1 |
| | ☆ جسے بہمنی سلطنت کے دوسرے بادشاہ محمد شاہ بن علاؤالدین بہمنی نے تعمیر کروایا۔ | 1 |
| | ☆ اس مسجد میں بیک وقت چھ ہزار آدمی نماز ادا کر سکتے ہیں۔ | 1 |
| | ☆ مسجد کی چھت 111 گنبدوں سے بنی ہوئی ہے۔اس مسجد کا معمار رفیع قزوین ایران کا باشندہ تھا۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ’’نانو پینٹ‘‘ کی کیا اہمیت ہے ؟ اس کا استعمال کہاں کہاں کیا جاتا ہے ؟ اور کیوں ؟ | 44. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ نانو پینٹ میں گرد جمع نہیں ہوتی۔ | |
| 1 | ☆ نانو پینٹ رنگوں کی آب وتاب عرصۂ دراز تک باقی رہتی ہے۔ | |
| 1 | ☆ نانو پینٹ کا استعمال فلک بوس عمارتوں اور بحری جہازوں پر کیا جاتا ہے۔ | |
| 1 | ☆ راستوں پر بھی سمتوں کی نشاندہی کے لئے نانو پینٹ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ | |
| 1 × 5 = 5 | **درج ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :** | VII. |
| | حضور اکرم ﷺ بڑے مہمان نواز تھے۔ آپؐ کے یہاں مسلمان مشرک اور کافر سب ہی مہمان ہوتے، آپؐ سب کی خاطر کرتے۔ ایک دفعہ آپؐ کے یہاں ایک کافر مہمان ہوا۔ آپؐ نے ایک بکری کا دودھ اُس کو پلایا۔ وہ سب دودھ پی گیا۔ آپؐ نے دوسری بکری منگوائی، وہ اُس کا بھی دودھ پی گیا۔ غرض سات بکریوں تک نوبت آئی۔ آپ گھر میں رہتے تو گھر کے کام کاج اپنے ہاتھوں سے کرتے، اپنے پھٹے کپڑے آپ سی لیتے، اپنے پھٹے جوتے کو خود گانٹھ لیتے۔ بکریوں کا دودھ اپنے ہاتھوں سے دوہتے۔<br>مسجد نبوی کے بنانے اور خندق کو کھودنے میں سب مزدوروں کے ساتھ مل کر آپؐ نے بھی کام کیا۔ | 45. |
| | سوالات : | |
| | (i) آپ ﷺ کے یہاں کون کون مہمان ہوتے ؟ | |
| | (ii) ایک دفعہ آپ ﷺ کے یہاں کون مہمان ہوا ؟ | |
| | (iii) مہمان کو کتنی بکریوں کا دودھ پلانے کی نوبت آئی ؟ | |
| | (iv) آپ ﷺ جب گھر میں رہتے تو کیا کام کرتے ؟ | |
| | (v) حضور اکرم ﷺ نے مسجد نبوی بنانے اور خندق کھودنے کے دوران کیا کیا ؟ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| 1 | (i) آپ ﷺ کے یہاں مسلمان، مشرک اور کافر سب ہی مہمان ہوتے۔ | |
| 1 | (ii) ایک دفعہ آپؐ کے یہاں ایک کافر مہمان ہوا۔ | |
| 1 | (iii) مہمان کو سات بکریوں کا دودھ پلانے کی نوبت آئی۔ | |
| 1 | (iv) آپؐ جب گھر میں رہتے تو گھر کے کام کاج اپنے ہاتھوں سے کرتے، اپنے پھٹے کپڑے آپؐ سی لیتے۔ اپنے پھٹے جوتے کو خود گانٹھ لیتے۔ | |
| 1 | (v) مسجد نبوی کے بنانے اور خندق کو کھودنے میں مزدوروں کے ساتھ مل کر آپؐ نے بھی کام کیا۔ | |
| 1 × 5 = 5 | **درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر 15 تا 20 جملوں پر مشتمل ایک مضمون لکھئے :** | VIII. |
| | ماحول کی آلودگی اور اس کا تحفظ یا جہیز ایک سماجی بُرائی ہے | 46. |
| | جواب : | |
| | **ماحول کی آلودگی اور اس کا تحفظ :** | |
| 1 | تمہید - کسی قول، یا کہاوت سے آغاز | |
| | نفسِ مضمون - (i) انسانی زندگی میں ماحول کی اہمیت | |
| 2 | (ii) جانداروں کے لئے ماحول کی ضرورت | |
| | (iii) آلودگی پیدا ہونے کے اسباب | |
| 1 | (iv) ماحول کی حفاظت کے لئے اُٹھائے جانے والے اقدامات | |
| 1 | اختتام - اپنے خیالات کا اظہار | |
| | یا | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| | (ii) **جہیز ایک سماجی بُرائی ہے :** | |
| | تمہید - کسی قول، کہاوت سے آغاز | 1 |
| | نفسِ مضمون - (i) جہیز کے رواج کی ابتداء | 1 |
| | (ii) جہیز سے پیدا ہونے والی بُرائیاں | 1 |
| | (iii) جہیز کی لعنت کو ختم کرنے کے اقدامات | 1 |
| | اختتام - اپنی ذاتی رائے | 1 |
| IX. | **خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے :** 1 × 5 = 5 | |
| 47. | اپنے اسکول کے میر معلم/میر معلّمہ کے نام ایک خط لکھئے، جس میں سند تبادلہ (T.C.) حاصل کرنے کی درخواست ہو۔ | |
| | جواب : | |
| | i) منجانب/ نام : xyz | |
| | ii) بخدمت : میر معلم/ میر معلّمہ/ صاحب/ صاحبہ | 1 |
| | iii) عرض مدعا/موضوع : سند تبادلہ (T.C.) حاصل کرنے کی درخواست | 1 |
| | iv) مضمونِ خط : مناسب وجہ بتا کر سند تبادلہ (T.C.) حاصل کرنا۔ | 1 |
| | v) اختتام : آپ کا/ کی فرماں بردار شاگرد/ شاگردہ | 1 |
| | vi) مقام/تاریخ : | 1 |
| | **یا** | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | | | | مارکس |
|---|---|---|---|---|---|
| | اپنے والدمحترم کے نام ایک خط لکھئے، جس میں اپنے اسکول کے سالانہ جلسۂ کا ذکر ہو۔ | | | | |
| | جواب : | | | | |
| | i) | ازمقام | : | xyz | |
| | ii) | تاریخ | : | | 1 |
| | iii) | آداب والقاب | : | والدصاحب قبلہ آداب | 1 |
| | iv) | مضمونِ خط | : | والدمحترم کو اپنی اسکول کے سالانہ جلسہ کے متعلق جانکاری دینا | 1 |
| | v) | اختتام | : | فرماں بردار بیٹا/ بیٹی | 1 |
| | vi) | مقام/تاریخ | : | | 1 |